

Exford Road پر
ایل بیمز لگانے کا آغاز

LEVEL CROSSING REMOVAL PROJECT

**Melton اور Truganina** / اگست 2025

# تعمیراتی کام جاری ہے

## Melton میں Exford Road، Coburns Road اور Ferris Road پر اور Truganina میں Hopkins Road پر چار خطرناک اور پرہجوم لیول کراسنگز کو ہٹانے کا کام شروع ہو چکا ہے تاکہ Melton میں کوئی بوم گیٹ باقی نہ رہے۔

لیول کراسنگز کو ہٹانے کی خاطر ہم Coburns Road اور Exford Road کے اوپر ریل کے پُل بنا رہے ہیں اور Ferris Road اور Hopkins Road پر ریل لائن سے اوپر سڑک کے پُل بنا رہے ہیں۔

ہم ایک جدید Melton Station بھی تعمیر کر رہے ہیں جہاں سب لوگوں کا پہنچنا آسان ہو گا، اور یہ سٹیشن 2026 میں یعنی طے شدہ وقت سے دو سال پہلے کھل جائے گا۔

Melton Station پر بلندی پر چار پلیٹ فارمز تعمیر کیے جا رہے ہیں تاکہ Ballarat جانے والی ٹرین سروسز کی جگہ بنے اور مستقبل میں Melton پر شروع اور ختم ہونے والی سروسز کے لیے الگ پلیٹ فارمز مہیا ہوں۔

Melton Station کے علاقے میں تعمیر زوروشور سے جاری ہے اور تعمیراتی عملہ نیا 16 میٹر چوڑا پیڈسٹرین لنک (پیدل لوگوں کے لیے راستہ) بنا رہا ہے اور Coburns Road اور Exford Road پر ریل کے پُل کی بنیادوں کے لیے پائلنگ جاری ہے۔

ہم Ferris Road اور Hopkins Road پر بھی تیزی سے کام کر رہے ہیں جہاں آسٹریلیا کی ان نہایت تیزی سے پھلتی پھولتی کمیونٹیوں میں کارسواروں، پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کو سڑکوں پر نئے پُلوں اور شیئرڈ راستوں سے فائدہ پہنچے گا۔

ان لیول کراسنگز کو ہٹانے سے Melton اور Truganina زیادہ محفوظ علاقے بن جائیں گے اور رش میں کمی آئے گی کیونکہ بوم گیٹس پر گاڑیوں کی قطاریں نہیں لگا کریں گی۔

**چاروں لیول کراسنگز کو ہٹا دیا جائے گا اور 2026 میں نیا Melton Station کھل جائے گا۔**

## ان لیول کراسنگز کو ہٹانا کیوں ضروری ہے

ان کراسنگز سے روزانہ قریباً **73,000 گاڑیاں** گزرتی ہیں

صبح کے مصروف وقت میں (صبح 7 بجے سے 9 بجے تک) بوم گیٹس **28 منٹ تک** کے لیے بند رہتے ہیں

صبح کے مصروف وقت میں (صبح 7 بجے سے 9 بجے تک) **16 تک ٹرینیں** ان کراسنگز سے گزرتی ہیں

VICTORIA'S BIG BUILD

اپ ڈیٹس لینے کے لیے سائن اپ کریں
levelcrossings.vic.gov.au

# Melton میں کام کی پیش رفت

## 2026 میںMelton سے تمام لیول کراسنگز ختم کرنے کے لیے ہمارا بھرپور کام جاری ہے۔

### دو پُلوں کی کہانی

آپ Coburns Road اور Exford Road پر نئے ریل کے پُل بنتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں جہاں جون اور جولائی میں سائیٹ پر پہلے 20 کنکریٹ کے ستون اور کراس ہیڈز ڈھالے گئے اور سطح زمین سے بلند ریل کے پُل بنانے والی کنکریٹ کی ایل بیمز لگائی گئیں۔

| Coburns Road | Exford Road |
| --- | --- |
| Coburns Road پر ریل کا پُل تقریباً 275 میٹر لمبا ہو گا اور اس کے ایک حصے میں 42.5 میٹر لمبا سٹیل کا پُل ہو گا۔ | Exford Road پر ریل کا پُل تقریباً 67 میٹر لمبا ہو گا۔ |
| سٹیل کے پُل کے پارٹس تسمانیہ سے آ رہے ہیں جنہیں اس سال آگے چل کر سائیٹ پر جوڑ کر پُل بنایا جائے گا۔ | یہ پُل جن ایل بیمز کو جوڑ کر بنایا جا رہا ہے، وہ جولائی میں Kilmore سے سائیٹ پر پہنچنا شروع ہوئیں۔ Exford Road پر آخری 8 ایل بیمز اگلے سال جوڑی جائیں گی۔ یہ پُل کنکریٹ کے ستونوں اور کراس ہیڈز پر کھڑا ہو گا جو آپ ابھی سائیٹ پر تعمیر ہوتے/ڈھلتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں۔ |
| Coburns Road کی زمین میں ایک پتھریلی تہ ہے جو ریل کا پُل بچھانے کے لیے قدرتی طور پر مضبوط بنیاد مہیا کرتی ہے۔ | یہ پُل کنکریٹ کے ستونوں اور کراس ہیڈز پر کھڑا ہو گا جو آپ ابھی سائیٹ پر تعمیر ہوتے/ڈھلتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں۔ |

اس وقت تک ایک اولمپک سائز سوئمنگ پول (2500 مربع میٹر) سے بھی زیادہ حجم میں کنکریٹ سائیٹ پر ڈالا جا چکا ہے۔

### Melton Station

ہم نیا 16 میٹر چوڑا پیڈسٹرین لنک بنانے کے لیے کھدائی کر رہے ہیں جس سے سب مسافروں کے لیے Staughton Street اور Brooklyn Road سے چاروں پلیٹ فارمز تک پہنچنا ممکن ہو گا۔

لنک کی تعمیر میں استعمال ہونے والی 32 میٹر تک لمبی کنکریٹ بیمز جولائی میں Cobblebank کے مقامی مینوفیکچرر Westkon سے یہاں پہنچیں۔

ہم پہلے سے تیار کنکریٹ کی دیواروں کے 234 سیکشنز جوڑنا بھی شروع کر چکے ہیں جن سے نئے سٹیشن کے چاروں بلند پلیٹ فارمز کو سہارا دینے والا سٹرکچر بنے گا۔

Brooklyn Road اور Hazel Streetکے سنگم پر ہم نے نیا راؤنڈ اباؤٹ بنایا ہے جو بسوں کو عارضی بس انٹرچینج تک آسانی اور حفاظت سے آنے جانے میں مدد دیتا ہے۔

### ٹیم سے ملیں اور مزید معلومات حاصل کریں

ہمارے معلوماتی سیشنز میں شریک ہو کر پراجیکٹ ٹیم سے بات کریں، سوالات پوچھیں اور Melton اور Truganina میں تعمیراتی کام میں ہماری پیش رفت کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں۔

**روبرو سیشن**

**Melton سٹی کاؤنسل ہال**
بدھ 27 اگست
شام 5:30 – 7:30 بجے

**آن لائن سیشن**

پیر 1 ستمبر
شام 6 - 7 بجے

**بکنگ ضروری ہے**

سیشن بک کرنے کے لیے QR کوڈ سکین کریں یا **levelcrossings.vic.gov.au/melton** دیکھیں۔



*Coburns Road پر بنیادیں ڈالی جا رہی ہیں۔*



*Exford Road پر ستون اور کراس ہیڈز۔*

# Melton Station پر عنقریب شروع ہونے والے کام

## براہ مہربانی سفر کے لیے زیادہ کھلا وقت رکھیں

ہم **جمعہ 5 ستمبر** سے لے کر **پیر 15 ستمبر تک** ریل کوریڈور میں روزانہ مسلسل 24 گھنٹے کام کریں گے تاکہ ریل کے سگنلز لگائے جائیں، پیدل چلنے والوں کے لیے موجودہ انڈر پاس ختم کیا جائے اور سہارے کے سٹرکچرز اور ریٹیننگ والز کی تعمیر جاری رہے۔

اس عرصے میں Bacchus Marsh اور Caroline Springs کے درمیان ٹرینوں کی جگہیں بسیں لے لیں گی اور پہلی بس سروس **ہفتہ 6 ستمبر** کو اور آخری سروس **اتوار 14 ستمبر** کو چلے گی۔

ریل کے پُل کی بیم سپورٹس کی تعمیر ممکن بنانے کی خاطر **جمعہ 5 ستمبر رات 8 بجے** سے لے کر **جمعرات 11 ستمبر صبح 7 بجے** تک Staughton Street اور Brooklyn Road کے درمیاں Exford Road بند رہے گی۔

ٹریفک شمال میں Brooklyn Road اور جنوب میں Wilson Road کے راستے متبادل روٹس پر چلے گی۔

Exford Road کے مشرق میں، Brooklyn Road اور Creek Street کے درمیان فٹ پاتھ اور پیڈسٹرین کراسنگ **جمعرات 11 ستمبر** سے لے کر **2026 میں کافی عرصے تک** بند رہے گی۔

## عارضی سٹیشن اور ستمبر میں تعمیراتی کام

مسافروں کے لیے خلل کم سے کم رکھنے اور ٹرینوں کو زیادہ سے زیادہ مدت تک چلاتے رہنے کی خاطر ہم ایک عارضی سٹیشن تعمیر کر رہے ہیں جہاں سب لوگوں کے لیے پہنچنا ممکن ہے۔

Exford Road کے پاس پٹڑی کے شمالی طرف یہ عارضی سٹیشن **ہفتہ 6 ستمبر** سے مسافروں کے لیے کھل جائے گا۔

جب **پیر 15 ستمبر** سے ٹرین سروسز دوبارہ شروع ہوں گی تو مسافروں کے سٹیشن پلیٹ فارمز تک پہنچنے میں تبدیلیاں آئیں گی کیونکہ ہم عارضی سٹیشن کا استعمال شروع کر رہے ہیں۔

عارضی سٹیشن 2026 میں نئے Melton Station کے کھلنے تک استعمال میں رہے گا۔

مزید معلومات کے لیے نیچے نقشہ دیکھیں۔

## عارضی بس انٹرچینج


نئے Melton Station کی تعمیر ممکن بنانے کے لیے ہم نے بس انٹرچینج کو Brooklyn Road پر منتقل کر دیا ہے۔

عارضی بس انٹرچینج 2026 میں نئے سٹیشن کے کھلنے تک استعمال میں رہے گا۔

**بدھ 20 اگست** سے لے کر 2026 **میں کافی عرصے تک** ٹرینوں کی جگہ لینے والی V/Line کوچز سٹیشن کے شمالی رخ سے چلیں گی۔

**مقامی ٹریفک میں تبدیلیاں**

QR کوڈ سکین کریں یا **levelcrossings.vic.gov.au/** melton دیکھیں





سڑک پر نئے پل کا نچلا سٹرکچر
تعمیرکرنے کے لیے زمین کی کھدائی
جاری ہے

# Ferris Road اور Hopkins Road کے نئے پُل تعمیر کے مراحل میں

**ہم Ferris Road اور Hopkins Road کی لیول کراسنگز کو ختم کر رہے ہیں اور ریل لائن کے اوپر سڑکوں کے نئے پل بنا رہے ہیں جن سے Western Freeway اور نئے تعمیر شدہ رہائشی علاقوں تک محفوظ کنیکشنز بنیں گے۔**

Melton میں Ferris Road اور Truganina میں Hopkins Road کے نئے پُل تعمیر کے مراحل میں ہیں اور اس وقت عملہ نئے پُلوں کی بنیادیں مکمل کر رہا ہے۔

## Ferris Road

ہم نے Melton میں Ferris Road پر اہم انڈرگراؤنڈ سروسز کو کسی اور جگہ منتقل کر دیا ہے تاکہ سڑک کے نئے پُل کے لیے جگہ بن جائے اور پُل کی بنیادوں کے لیے پائلنگ مکمل ہو چکی ہے۔

لیول کراسنگ کے دونوں طرف تعمیراتی کام جاری ہے جس میں پُل کی بنیادوں اور پُل کی بیمز کو سہارا دینے والے کنکریٹ کے ستونوں کی تعمیر بھی شامل ہے۔

## Hopkins Road

Truganina میں Hopkins Road پر تعمیراتی کام زوروشور سے جاری ہے اور سڑک کے پُل کی بنیادوں کی پائلنگ مکمل ہو چکی ہے۔

اب عملہ وہ دیواریں تعمیر کر رہا ہے جو پُل کو ٹرین کی پٹری سے اوپر بلند کریں گی۔

اگلے کچھ ہفتوں میں ہم پُل کی بیمز جوڑنا شروع کریں گے۔

Ferris Road کا پراجیکٹ مکمل ہونے کے بعد ہم اس علاقے میں **200** سے زیادہ مقامی درخت اور **45,000** سجاوٹی جھاڑ، پودے اور گھاس لگائیں گے۔

ہم بہت سی مختلف نسلوں کے درخت لگا رہے ہیں جن میں Lemon-scented gum، Melbourne Yellow Box، Blackwood Wattle اور Drooping Sheoak شامل ہیں۔

Hopkins Road پر ہم **200** سے زیادہ مقامی درخت لگائیں گے جن میں Truganina میں نئے شیئرڈ راستے کے ساتھ ساتھ **39** عدد Lemon Scented gum درخت بھی شامل ہیں۔

ہم **80,000** سے زیادہ مقامی گھاس اور سجاوٹی جھاڑ بھی لگائیں گے اور لینڈسکیپنگ کے لیے **35,000** مربع میٹر سے زیادہ رقبے میں بیج بھی ڈالیں گے۔



*Hopkins Road پر پل کو سہار دینے والی دیوار پر کام ہو رہا ہے*



*Ferris Road پر پل کو بنیادوں کی پائلنگ کرنے والی مشینری*

MELBOURNE AIRPORT RAIL

# شہر کے مغرب میں ایک نیا ٹرانسپورٹ سُپر ہب

## ہم Sunshine میں ریل کا نیا سُپر ہب بنا رہے ہیں تاکہ سی بی ڈی سے باہر میلبرن کے سب سے پیچیدہ ریل جنکشن کو سہل بنایا جائے۔

آسٹریلین گورنمنٹ اور وکٹورین گورنمنٹ کی مشترکہ 4 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری سے بڑے پراجیکٹس مکمل ہوں گے جو West Footscray سے Albion تک 6 کلومیٹرز سے زیادہ علاقے پر محیط ہوں گے۔

اس سال آگے چل کر کانسیپٹ ڈیزائنز جاری کیے جائیں گے اور ہم Sunshine Station پر دو نئے پلیٹ فارمز کا اضافہ کریں گے تاکہ مستقبل میں ایر پورٹ تک کی نئی ریل لائن کے لیے گنجائش رکھی جائے اور Melton اور Wyndham Vale میں پھیلتی ہوئی کمیونٹیوں کے لیے اضافی سروسز چلانا ممکن ہو۔

ابھی سےSunshine Station میں اپ گریڈز کرنے سے آئندہ چل کر میلبرن ایرپورٹ ریل کے کام اور Melton Line کو الیکٹرک بنانے میں خلل کم رہے گا۔

2030 میں تعمیر مکمل ہو جانے پر ہر گھنٹے میں Sunshine سے زیادہ ٹرینیں گزر سکیں گی لہذا نئی میٹرو ٹنل کے راستے میلبرن سی بی ڈی تک کا سفر بہتر ہو جائے گا۔

نئے سُپر ہب کی وجہ سےSunshine Station

میلبرن کے پھلتے پھولتے مغربی حصے اور وکٹوریہ کے ریجنل علاقوں کے درمیان سفر کا گیٹ وے بھی بنے گا اور اس کے ساتھ ساتھ میلبرن ایرپورٹ تک نہایت اہم ریل لنک کی تعمیر بھی ممکن ہو گی۔

Sunshine کے نئے سُپر ہب کا بڑا پراجیکٹ 2026 کے اوائل میں شروع ہو گا۔

**Sunshine Superhub کے متعلق مزید معلومات کے لیے /bigbuild.vic.gov.au sunshine دیکھیں۔**

### پراجیکٹ کے فیچرز

- ہر گھنٹے میں Sunshine سے گزرنے والی ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ
- West Footscray سے Albion تک 6 کلومیٹر سے زیادہ علاقے پر محیط پراجیکٹ
- ریل نیٹ ورک میں آئندہ اپ گریڈز کے لیے گنجائش بنے گی
- نئے پلیٹ فارمز کے سبب Melton اور Wyndham Vale کی پھیلتی ہوئی کمیونٹیوں کے لیے مزید سروسز اور میلبرن ایرپورٹ تک سروس کی گنجائش بنے گی
- سٹی اور وکٹوریہ کے ریجنوں تک سفر کے بہتر کنیکشنز



*Sunshine Station* ایک سُپر ہب بنے گا۔

# ٹرین میں سوار ہونے سے پہلے کوئی مزیدار چیز لیتے جائیں

**Melton Station کے پلیٹ فارم ون کے قریب Drip Drop کافی وین بڑی زبردست کافی اور ہر طرح کے گرم اور ٹھنڈے مشروبات بیچنے والی سپیشلسٹ ہے جو دودھ کے مختلف متبادل بھی پیش کرتی ہے۔**

Melton Station کے پلیٹ فارم ون کے قریب Drip Drop کافی وین بڑی زبردست کافی اور ہر طرح کے گرم اور ٹھنڈے مشروبات بیچنے والی سپیشلسٹ ہے جو دودھ کے مختلف متبادل بھی پیش کرتی ہے۔

اس کافی وین کے مالک Fonz ہیں جنہوں نے 2022 کے وسط میں Melton Station پر یہ کافی وین شروع کی اور یہ ٹرین کے مسافروں کے ساتھ ساتھ مقامی لوگوں میں بھی بڑی تیزی سے مقبول ہو رہی ہے۔

آپ جب بھی یہاں سے گزریں، بہت سے لوگوں کو Fonz کے ساتھ گپ شپ کرتے دیکھیں گے۔ اس طرح Fonz سٹیشن کے علاقے کا ایک اہم حصہ بن گئے ہیں اور وہ خاص طور پر صبح سویرے میلبرن جانے والے مسافروں میں مقبول ہیں۔

چاہے آپ ٹرین کے انتظار میں کوئی مزیدار چیز کھانا یا پینا چاہتے ہوں یا بس اپنے دن کو خوشگوار بنانے کے لیے ہلکی پھلکی گفتگو کرنا چاہتے ہوں، Fonz اور Drip Drop کافی وین کے پاس سے ہوتے جائیں۔

**وین کھلنے کے اوقات: صبح 5 بجے سے دوپہر 1 بجے تک، پیر تا جمعہ، عوامی تعطیلات کے علاوہ۔ پہلے سے آرڈر کرنے کے لیے 0401 966 151 پر کال کریں۔**



*Melton Station پر Drip Drop کافی وین*

## پراجیکٹ ٹائم لائن

**2023**

- پراجیکٹ کو فاسٹ ٹریک کیا گیا
- لیول کراسنگز کو ہٹانے کے حل کی تصدیق کی گئی
- کمیونٹی سے صلاح مشورہ

**2024**

- کانسپٹ ڈیزائنز جاری کیے گئے
- کمیونٹی سے مزید صلاح مشورہ
- فائنل ڈیزائنز جاری کیے گئے
- تعمیر شروع کرنے کی تیاریاں
- تعمیر کا آغاز

**2025**

- تعمیراتی کام

**2026**

- تعمیراتی کام
- نئے Melton Station کا افتتاح
- چاروں لیول کراسنگز کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ

**2027**

- لینڈسکیپنگ
- اختتامی کام

** ٹائم لائن میں ردّوبدل ہو سکتا ہے۔*

## رابطے میں رہیں

ای میل اپ ڈیٹس لینے کے لیے **levelcrossings.vic.gov.au/subscribe** پر سبسکرائب کریں اور Geelong–Ballarat–Melton Line کے نیچے اپنی متعلقہ لیول کراسنگز چنیں۔

Melton میں لیول کراسنگز ہٹانے کے پراجیکٹ کے متعلق مزید معلومات کے لیے **levelcrossings.vic.gov.au/melton** دیکھیں

ہمیں **1800 105 105** پر کال کریں

**contact@levelcrossings.vic.gov.au** پر ای میل کریں

ہمیں سوشل میڈیا پر فالو کریں یا ہمارے فیس بک پیج پر پرائیویٹ میسیج بھیجیں

انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں معلومات کے لیے **9209 0147** پر کال کریں

**levelcrossings.vic.gov.au**

contact@levelcrossings.vic.gov.au

انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں معلومات کے لیے 9209 0147 پر کال کریں

1800 105 105 (کسی بھی وقت کال کر سکتے ہیں)

اگر آپ کو یہ معلومات معذوروں کے لیے آسان فارمیٹ میں لینے کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو سننے یا بولنے میں نقص کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے تو **relayservice.gov.au** دیکھیں۔

VICTORIA State Government

NWP12042